علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

شعبہ حدیث وعلوم حدیث

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگرآپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ مصادر حدیث-II (2908) سمسٹر: بہار2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ جمعہ کے دن کے احکام وفضائل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مسند امام احمد کا تعارف کراتے ہوئے اس کے خصائص بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مشکوۃ المصابیح کے شروح وحواشی پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ صحیح ابن حبان کے خصائص اور اسلوب و منہج کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ صحیح ابن خزیمہ کا تفصیلی تعارف لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ امام عبدالرزاق بن ھمام کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ امام طبرانی کے حالات زندگی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ معاجم طبرانی کے خصائص اور اسلوب و منہج کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سنن دار قطنی کی احادیث کی روشنی میں زکوۃ سے متعلق تعلیمات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سنن بیہقی کا تعارف کرائیں۔ (20)